سوال

نماز تسبیح والی روایت کی تحقیق

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا نماز تسبیح والی روایت کی سند صحیح ہے یا نہیں۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز تسبیح والی سیدنا عبداللہ بن عباس (ابوداود: 1297) کی روایت کے بارے میں اہل علم کے دو مختلف موقف پائے جاتے ہیں۔ امام البانی نے اسے صحیح قرار دیا ہے، جبکہ شیخ ابن باز اور شیخ صالح العثیمین اسے ضعیف اور موضوع قرار دیتے ہیں۔ اگر ان کے دلائل کو دیکھا جائے تو شیخ ابن باز اور شیخ صالح العثیمین کا موقف زیادہ وزنی نظر آتا ہے۔ اور ہمارا رجحان بھی اسی طرف ہی ہے۔ مزید تفصیل کے لئے فتوی نمبر (1120) پر کلک کریں۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث